چارزانو بیٹھ کر کھانا کھانا کیسا؟

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1962

تاریخ اجراء: 20صفر المظفر 1445ھ /07 ستمبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

چارزانو بیٹھ کر گود میں تکیہ رکھ کر کھانا کیسا۔؟ رہنمائی فرمادیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اس طرح بیٹھ کر کھانا جائز ہے لیکن اچھا نہیں، احادیث میں چارزانو بیٹھ کر کھانے سے منع فرمایا گیا ہے۔ سنت اور بہتر طریقہ یہ ہے کہ کھاتے وَقْت اُلٹا پاؤں بچھا دیجئے اور سیدھا گھٹنہ کھڑا رکھئے یا سُرین پر بیٹھ جایئے اور دونوں گُھٹنے کھڑے رکھئے یا دوزانو بیٹھئے، تینوں میں سے جِس طرح بھی بیٹھیں گے سُنّت ادا ہو جائے گی۔

چنانچہ مشکوۃ المصابیح میں ہے: "عن ابی جحیفة قال: قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: لا آکل متکئا۔" یعنی: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا۔" (مشکوۃ المصابیح، جلد2، صفحہ20، مطبوعہ کراچی)

حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ اس حدیث پاک کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں: "کھاتے وقت تکیہ لگانے کی چار صورتیں ہیں: (1) ایک یہ کہ ایک پہلو زمین سے قریب کرکے بیٹھے، (2) دوسرے یہ کہ چارزانو بیٹھے، (3) تیسرے یہ کہ ایک ہاتھ زمین پر رکھ کر اس پر ٹیک لگا کر بیٹھے، (4) چوتھے یہ کہ دیوار وغیرہ سے ٹیک لگا کر بیٹھے یہ چاروں تکیے مناسب نہیں۔ دوزانو یا اکڑوں بیٹھ کر کھانا اچھا ہے طبی لحاظ سے بھی مفید ہے، کھڑے ہو کر کھانا اچھا نہیں۔" (مرآۃ المناجیح، جلد06، صفحہ19، قادری پبلشرز، لاہور)

کھانا کھاتے وقت بیٹھنے کا سنت طریقہ کیا ہے، اس کے متعلق امیر اہلسنت مولانا الیاس عطار قادری صاحب دام ظلہ اپنے رسالے "کھانے کا اسلامی طریقہ" میں تحریر فرماتے ہیں: "کھاتے وَقْت اُلٹا پاؤں بچھا دیجئے اور سیدھا گُھٹنہ کھڑا

رکھئے یا سُرین پر بیٹھ جائیے اور دونوں گھُٹنے کھڑے رکھئے یا دوزانو بیٹھئے، تینوں میں سے جِس طرح بھی بیٹھیں گے سُنّت ادا ہو جائے گی۔" (کھانے کا اسلامی طریقہ، صفحہ 03، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net